۱۲۵ سال بعد

فضائل و کرامات غوث اعظم پر مشتمل نایاب کلام بنام

وسائلِ بخشش

۱۳۰۹ھ

تصنیف لطیف

استاذِ زمن شہنشاہِ سخن

برادرِ اعلیٰ حضرت مولانا محمد حسن رضا خان قادری برکاتی بوالحسینی بریلوی علیہ الرحمہ

ترتیب و تحقیق

محمد ثاقب رضا قادری

ایم اے علوم اسلامیہ (پنجاب یونیورسٹی)

فضائل وکرامات غوث اعظم پر مشتمل نایاب کلام بنام
وسائلِ بخشش
۱۳۰۹ھ
تصنیف لطیف
استاذِ زمن شہنشاہِ سخن
برادرِ اعلیٰ حضرت مولانا محمد حسن رضا خان قادری برکاتی نوری بریلوی
محمد ثاقب رضا قادری
مکتبہ اعلیٰ حضرت

تفصیلات

کتاب	:	وسائل بخشش [1309ھ]
موضوع	:	ذکرِ کراماتِ حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ
کلام	:	برادرِ اعلیٰ حضرت اُستاذِ زمن علامہ حسن رضا خان حسنؔ قادری برکاتی ابوالحسینی بریلوی۔ علیہ رحمۃ اللہ الولی۔
ترتیب جدید	:	محمد ثاقب رضا قادری۔ عفی عنہ۔(0313-4946763)
نظر ثانی	:	پروفیسر علامہ محمد افروز قادری چریا کوٹی۔ خلیفہ حضور تاج الشریعہ (کیپ ٹاؤن، ساؤتھ افریقہ) مدظلہ العالی
صفحات	:	ایک سو پچیس (125)
اشاعت	:	2012ء......1433ھ
قیمت	:	/روپے
کاوش	:	دارالکتاب، لاہور darulkitab11@gmail.com
ناشر	:	مکتبہ اعلیٰ حضرت، دربار مارکیٹ، لاہور

شاہا مری صرف یہ صدا ہے
منگتا ترا تجھ کو مانگتا ہے

بھٹکا پھرے کیوں گمان میرا
تُو میرا تو سب جہان میرا

اے دل میں نثار فیض باری
کیا بزم دکھائی پیاری پیاری

ہے بیچ میں اک کریم باذِل
گھیرے ہوئے ہر طرف سے سائل

پروانوں میں شمع ہے نمودار
یا تاروں میں چاند ہے ضیا بار

محبوب ہے اپنے مائلوں میں
یا پھول ہزار بلبلوں میں

ذرّوں میں ہے مہر کی تجلّی
گھر آئے ہیں آئنہ پہ طوطی

ہر عکس ہزار آن کی جاں
ایمان کی جاں، جان کی جاں

کہتا ہوں یہ حسنؔ کی زبانی
ہم آج ہیں شرحِ مَنْ رَاٰنِی(۱)

پردۂ رُخ یہ دُور فرمائیں
کیا بزم! نصیب تک چمک جائیں

---

(۱) حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ کا ارشادِ گرامی ہے: طُوْبٰی لِمَنْ رَاٰنِیْ اَوْ رَاٰی مَنْ رَاٰنِیْ وَ اَنَا حَسْرَۃٌ عَلٰی مَنْ لَمْ یَرَانِیْ یعنی وہ شخص خوش ہوجائے کہ جس نے مجھے دیکھا یا میرے دیکھنے والے کو دیکھا یا جس نے میرے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کو دیکھا ہو اور میں اس شخص پر حسرت کرتا ہوں کہ جس نے مجھے نہیں دیکھا۔ (بہجۃ الاسرار: 191) قادری